

ای ایف یو
کوَرشیلڈ پلان

اپنی اوراپنے خاندان کی دیکھ بھال ہرکسی کی زندگی کی اوّلین ترجیح ہوتی ہے۔مگراچانک زندگی میں آنے والی تبدیلیاں اورناگہانی حادثات کسی بھی فرد کی پُرسکون زندگی میں رکاوٹ بن سکتے ہیں۔تاہم، غیریقینی صورتحال میں مؤثر مالی منصوبے/ فنانشل پلاننگ اور مالی / فنانشل خطرات میں تبدیلیوں کے ذریعے ہونے والی کمی سے اپنے پیاروں کومحفوظ رکھا جاسکتا ہے۔ای ایف یوکوَرشیلڈ پلان ایک ایسا پلان ہے جو آپ کے مالی خطرات کوکم کرتا ہےاوربیمہ داریا قرضدارکی موت یا حادثاتی طور پر ہونے والی مستقل مکمل معذوری کی صورت میں آپ کے خاندان کوقرض/ کریڈٹ کے بوجھ سےمحفوظ رکھتا ہے۔یہ پلان بینک کوکسی بھی آوٗٹ اسٹینڈنگ لائبلیٹی کی ادائیگی کی صورت میں بیمہ داریااس کے خاندان کوقرض کے بوجھ سےمحفوظ رکھتا ہےاوربقیہ رقم مستفید ہونے والے (beneficiaries) کوادا کرتا ہے۔

پلان کےفوائد/ بینیفٹس کیا ہیں؟

پلان کےمختلف فوائد/ بینیفٹس درج ذیل ہیں:

کیٹیگری	موت یاحادثاتی مستقل،مکمل معذوری کےفوائد	سالانہ پریمیم
برونز	250,000	1,300
سِلوَر	500,000	2,600
گولڈ	750,000	3,800
پلاٹینم	1,000,000	5,000

تمام رقوم پاکستانی روپے میں ہیں

اس پلان کے لیےمَیں کس عمرمیں اپنااندراج کرواسکتا ہوں؟

آپ اس پلان کے لیے 18 سال سے 64 سال کی عمرکےدرمیان اپنااندراج کرواسکتے ہیں اوریہ پلان آپ کو 65 سال کی عمرتک محفوظ رکھتا ہے۔

اس پلان کےتحت کون سےواقعات شمارکیےجاتے ہیں؟ / کوَرکیےجاتے ہیں؟

اس پلان کےتحت موت اورحادثاتی طورپرہونے والی مستقل مکمل معذوری کوکوَریج فراہم کی جاتی ہے۔

یہ پلان مجھے کب تک محفوظ رکھے گا؟

یہ پلان سالانہ تجدیدی (renewable) پلان ہے جو ایک سال پر مبنی مدت/دورانیے پر مشتمل ہے اور آپ کو مکمل کوَریج فراہم کرتا ہے۔

اس پلان کے تحت کون سے واقعات/حادثات شامل نہیں ہیں؟

درج ذیل نِکات اس میں شامل نہیں ہیں:

ا۔ پہلے سے موجود حالت: جس میں بیماری اور معذوری یا جسمانی چوٹ جو اس کوَریج سے پہلے سے موجود ہو، شامل ہے۔

ب۔ بیمہ دار کی خودکشی اور اقدامِ خودکشی، قتل، ارادتاً خود کو زخمی کرنا اور غیر قانونی کوئی کام انجام دینا

ج۔ طِبّی مشورہ لینے یا اس پر عمل کرنے میں ناکام ہونا، منشیات یا الکوحل/شراب کا استعمال کرنا

د۔ مسلح یا نیم فوجی کی حیثیت سے خدمات انجام دیتے ہوئے یا کسی بھی قسم کی پولیس ڈیوٹی انجام دینے کے دوران مشقوں یا کاروائیوں میں شرکت کرنا، اور

ہ۔ جنگ، حملہ، بیرونی دشمن کی کاروائی، مخالفت (خواہ جنگ کا اعلان ہُوا ہو یا نہیں)، مسلح یا غیر مسلح جنگ، خانہ جنگی، بغاوت، فساد، انقلاب، فوجی یا جبری طور پر طاقت کے ذریعے بغاوت، فساد یا اندرونی انتشار، غیر قانونی تنظیم یا صنعتی تنازع کا پیدا ہونا۔

اگر میں پلان سے غیر مطمئن ہوں تو؟

اگر آپ پلان سے مطمئن نہ ہوں تو آپ کو کٹوتی کی تاریخ کے تین دن بعد سے تیس دن کا غور و فکر کا دورانیہ حاصل ہے جس میں آپ پلان منسوخ کر سکتے ہیں اور اپنا ادا شدہ پریمیئم واپس لے سکتے ہیں۔

لیکن یہ یاد رہے کہ بیمہ کار یا بینک غور و فکر کے دورانئے کے بعد کوئی بھی رقم کی واپسی کی درخواست (درخواستوں) پر عمل درآمد نہیں کرے گا البتہ پلان کسی بھی وقت منسوخ کیا جا سکتا ہے۔

کلیم/دعویٰ کیسے کِیا جائے؟

بیمہ دار (assured) یا مستفید ہونے والے (beneficiary) اپنا کلیم یا دعوے کے اندراج کے لیے ای ایف یو لائف کے نمبر (111-388-11)111-EFU-111 پر براہِ راست یا اِی میل claims@efulife.com پر رابطہ کر سکتے ہیں یا پھر اس اِی میل ایڈریس

CCU.helpdesk@jsbl.com پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ ای ایف یو لائف کا نمائندہ مستفید ہونے والے فرد (beneficiary) کو کلیم / دعوے کے مطلوبہ دستاویزات کے حوالے سے رہنمائی فراہم کرے گا اور CCUhelpdesk@jsbl.com کے ذریعے کلیم / دعوے کی کاروائی کے اگلے اقدامات سے آگاہ کرے گا۔

اس پروڈکٹ کا بیمہ کار / بیمہ فراہم کنندہ کون ہے؟

یہ انشورنس پالیسی، ای ایف یو لائف اشورنس کی بیمہ کردہ ہے۔ جے ایس بینک اس پلان کے لیے ای ایف یو لائف کی جانب سے محض ایک کارپوریٹ ایجنٹ کے طور پر اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔

انتباہ:

ای ایف یو کور شیلڈ پلان ماقبل بیمہ کردہ پروڈکٹ ہے، ای ایف یو لائف کے مطابق اس کے شرائط و ضوابط ہیں اور یہ جاری کی گئی ہے، اس اشورنس کمپنی کا صدر دفتر پلاٹ 112، 8th ایسٹ اسٹریٹ، ڈی ایچ اے فیز 1، کراچی، پاکستان-75500 پر موجود ہے۔ ای ایف یو کور شیلڈ پلان صرف ایک پروڈکٹ کا نام ہے اور یہ کسی بھی طرح سے پروڈکٹ کے معیار کی جانب اشارہ نہیں کرتی۔ بینک صرف ای ایف یو لائف کی جانب سے پلانز کے لیے ایک کارپوریٹ انشورنس ایجنٹ کے طور پر اپنا کردار انجام دے رہا ہے۔ ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ کی جانب سے آپ کی درخواست یا دعویٰ / کلیم مسترد ہو جانے کی صورت میں بینک کو کسی بھی قسم کا ذمے دار نہیں ٹھہرایا جائے گا اور نہ ہی وہ اس حوالے سے کوئی تفتیش کرے گا یا دعوے سے متعلق کسی بھی قسم کی اپنی رائے کا اظہار کرے گا۔